Music By Nashad

زندگی کا طوفان

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

زندگی یا طوفان کے گانے

گانا نمبر ۱

کیا کیا ادا وہ شوخ نظر نے حیا کے ہاتھ
یہ کیا ہوا کہ ترک کیے میں نے تنگ آ کے ہاتھ
انگڑائی بھی وہ لینے نہ پائے اٹھا کے ہاتھ
دیکھا مجھے تو چھوڑ دیئے مسکرا کے ہاتھ
انگڑائی بھی وہ

باتوں ہی ایسے ہو گئے مدہوش بے مجھے
افسانہ غیر کا وہ سمجھ کر سنا گئے
آیا جو میرا نام تو بس اٹھ کے چل دیئے
جھنجھلا کے تیش کھا گئے بگڑے چھڑا کے ہاتھ
انگڑائی بھی وہ

پردہ تھا بڑا نقاب سے کچھ حسن چھن پڑا
بیکل ہوئے تو رہ گیا سب بانکپن بڑا
شکووں کا جب جواب نہ کچھ اُن سے بن پڑا
گردن میں میری ڈال دیئے مسکرا کے ہاتھ
انگڑائی بھی وہ

ساقی کو سمجھے یہ نہیں ہر آدمی کا کام
محتسب کو بس ادا سے ہٹا بت کیا تھا جام

دنیا کسی کا ساغر مے یاد ہے نظام
منہ پھیر کر اِدھر کو اُدھر کو بڑھا کے ہاتھ
انگڑائی بھی وہ

گگتا ہلبلہ:۔ بڑی مشکل ہے ہم سمجھے نہیں وہ کیا سمجھتے ہیں
جو اپنے ہیں وہ ہر انسان کو اچھا سمجھتے ہیں
زہے قسمت مجھے وہ اپنا دیوانہ سمجھتے ہیں
عنایت ہے نوازش ہے اگر ایسا سمجھتے ہیں
جو کہنا تھا نظر ملتے ہی دل سے کہہ چکیں نظریں
بہت چاہا بہت روکا نہ رک کے سے رکیں نظریں
یکایک کس لیئے وہ مسکرائے کیوں جھکیں نظریں
تیری تعجل ہے لیکن یہ ہمیں تنہا سمجھتے ہیں۔ عنایت ہے۔
تمنا اور تمنا جو نہ ہو پوری ارے توبہ
تمہاری دل سے قربت آنکھ سے دوری ارے توبہ
محبت کی یہ حد بندی یہ مجبوری ارے توبہ
کہ یہ بھی کہہ نہیں سکتے تمہیں ہم کیا سمجھتے ہیں۔ عنایت ہے۔
نصیبوں کی خرابی ہے کہ تم سے پڑ گیا پالا
ملا ہوگا تمہیں کاہے کو ہم سا چاہنے والا
ادھر تم نے سمجھ کر ہم کو بیگانہ ہٹا ڈالا
ادھر ہم ہیں کہ ہم پھر بھی تمہیں اپنا سمجھتے ہیں۔ عنایت ہے۔
گانا نمبر ۴:۔ ادھر بالوں میں کنگھی ہو رہی ہے خم نکلتا ہے
اِدھر رگ رگ سے کھنچ کھنچ کر ہمارا دم نکلتا ہے

زلفوں کی سنہری چھاؤں تلے
اِک آگ لگی دو دیپ جلے
جب پہلی نظر کے تیر چلے
مت پوچھ کہ دِل پر کیا گزری
جب پیار ہوا دو نین ملے
جب آئی بہار اور پھول کھلے
جب بات ہوئی اور لب نہ ہلے
مت پوچھ کہ دِل پر کیا گزری
اتنا سا ہے دِل کا افسانہ
اپنا نہ ہوا اِک بیگانہ
نظریں تو ملیں پر دِل نہ ملے
کچھ اُن سے ہمیں شکوے نہ گلے
کیا خوب ملے الفت کے صلے
مت پوچھ کہ دِل پر کیا گزری
رہ رہ کے تڑپنا گھبرانا
ہر بات پہ دِل بھر بھر آنا
آنسو بھی بہیں سینہ بھی جلے
ارمان عجب سانچے میں ڈھلے
اس پیار سے ہم بے پیار بھلے
مت پوچھ کہ دِل پر کیا گزری
گانا نمبر ۵ ۔ مجھے ہے ذرا جذبِ دِل آزمانا

یہاں کچھ بھی گذرے مگر تم نہ آنا
میرے پاس آ کر نہ دامن بچانا
بہلنے کا دِل ڈھونڈتا ہے بہانا
بھٹکتی چلی جا رہی ہے طبیعت
گزرتا چلا جا رہا ہے زمانا
محبت بھروسہ، بھروسہ محبت
اِدھر ایک دِل ہے اُدھر ہے زمانا
یقیں ہے تو راہ وفا سے گزر جا
گماں ہے تو اس راہ میں پھر نہ آنا
دوپٹے کے آنچل کو بل دے رہے ہیں
نیا لے کو ہیں کوئی تازہ بہانا
گانا نمبر۵ ہمارا کیا ہے ہم تڑپیں مگر تم کو قرار آئے
نہیں ممکن ہو ہمیں بھی اپنے دِل پر اختیار آئے
مگر تم کو قرار آئے ——
بہت آنسو ہیں آنکھوں میں بہت سے داغ ہیں دِل میں
شباب ساون کی رُت آئے تو اب فصل بہار آئے
مگر تم کو قرار آئے ——
ہمیں نے بیوفائی کی ہمیں نے یہ دعا مانگی
ہماری بیوفائی کا نہ تم کو اعتبار آئے
مگر تم کو قرار آئے ——
یہی ہے موت جو تجھ سے بچھڑ کر ہم نے دیکھی ہے

وہی کبھی زندگی جو تیری محفل میں گزار آئے
مگر تم کو قرار آئے

جہاں اتنا کیا ہے آخری یہ بھی کرم کر دو
تم اپنی یاد سے کہدو نہ ہرگز یاد یاد آئے
مگر تم کو قرار آئے ــــ

گانا نمبر ۹

اے دل والو پیار نہ کرنا
اس پاپی سنسار سے ڈرنا
دل کا سہارا لیکے جئے ہم ، وہ بھی سہارا ٹوٹ گیا
اسطرح اُن کا دامن چھوڑا ۔ جیسے کہ دامن چھوٹ گیا
اب کیوں روتا آہیں بھرتا ، اس پاپی سنسار سے ڈرنا
اے دل والو ــــ

پیار کی بازی کھیلنے والو ، کوئی یہاں کی ریت نہیں
ہار تو اس کی ہار ہے لیکن ، جیت بھی اسکی جیت نہیں
پھر ہم پر الزام نہ دھرنا ۔ اس پاپی سنسار سے ڈرنا
مشکل جینا مشکل مرنا
اے دل والو ــــ

گانا نمبر ۱۰
مبارک سب کو پھولوں کا سجا کر لائے ہیں سہرا
ہم اپنے دل کے ٹکڑوں کا بنا کر لائے ہیں سہرا
نظر غیروں سے بڑھکر پیار میں اپنوں کی لگتی ہے

ہم اپنی بھی نگاہوں سے بچا کر لائے ہیں سہرا
ہم اپنے دِل کے
اُدھر سر چڑھ کے لگ جائے گا سہرا اُنکے سینے سے
اِدھر ہم اپنے سینے سے بچا کر لائے ہیں سہرا
ہم اپنے دِل کے

گانا نمبر ۸

تمہیں چند اپنے دُکھ دے کر چلے
کس لئے آئے تھے ہم کیا کر چلے
زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
شمع کی مانند ہم اُس بزم میں
چشم تر آئے تھے دامن تر چلے
سینکڑوں ارمان لے کر آئے تھے
دل میں لاکھوں حسرتیں لے کر چلے
آتی جاتی سانس کا عالم نہ پوچھ
جیسے دوہری دھار کا خنجر چلے
پیار کی محفل سے دل لٹنے کے بعد
کس طرح اُٹھے قدم کیوں کر چلے
لغزشیں ہیں زندگی کے ساتھ ساتھ
ہر قدم کھاتے ہوئے ٹھوکر چلے

ختم شد

عملیات تعویذات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	۳/-/-
عملیات تسخیر محبوب	۱/۸/-
عملیات قلوب	۲/-/-
عملیات نشی تمرن	۲/-/-
اندرجال	۱/۸/-
استاد جادوگراں	۳/۸/-
مکمل جادوگری	۲/۸/-
چین بنگال کا جادو	-/۱۲/-
کامروپ کا جادو	-/۱۲/-
ریلمیا جادوگری	۱/۴/-
جادو مسمریزم	۲/-/-
کالا جادو	۴/-/-
الو تنتر	۳/-/-
کوا تنتر	۳/-/-
نقش سلیمانی	۱/-/-
تعویذ سلیمانی	۱/-/-
نقش روحانی	-/۱۲/-

اسلامی لٹریچر کی نایاب کتابیں

رکن الدین	۲/-/-
قصص الانبیاء	۳/-/-
ہزار مسئلہ	-/۱۲/-
صحیح کا ستارہ	-/۱۲/-
قیامت نامہ	-/۸/-
بہشتی زیور اول حصہ	-/۱۲/-
بہشتی زیور مکمل	۸/-/-
قصۂ آدم	-/۸/-
شہید کربلا	-/۸/-
قصہ حضرت ایوب	-/۸/-
معراج رسول	-/۸/-
کرامات محبوب سبحانی	-/۶/-
نورنامہ معہ کلمہ نامہ	-/۳/-
نور نامہ کلاں	-/۳/-
صبر فاطمہ	-/۸/-
داستان یوسف	-/۸/-
جوڑ نامہ	-/۳/-
رسالہ بے نمازاں	-/۳/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی